رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: خاصہ سال اول　　پرچہ: پانچواں　　مضمون: التاریخ+التربیۃ المدنیۃ

تاریخ: 17-02-2024　　دن: ہفتہ　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: نبی کریم ﷺ کے فرمان کے مطابق بتائیے کہ دین کی ابتدا کس سے ہوئی؟

سوال نمبر 2: خواجہ سراؤں کو خدمت کے لئے سب سے پہلے کس نے مقرر کیا؟

سوال نمبر 3: سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اشعار پڑھنے کے متعلق کیا کہنا ہے؟

سوال نمبر 4: حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے مطابق سب سے زیادہ شجاع ترین آدمی کون ہیں؟

سوال نمبر 5: کس وجہ سے نبی کریم ﷺ نے یہ فرمایا کہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بڑھ کر مجھ پر کسی کا احسان نہیں؟

سوال نمبر 6: صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کتنے مال میں خرید کر آزاد کیا تھا؟

سوال نمبر 7: انبیاء کرام علیہم السلام کی تدفین کی جگہ کے بارے میں صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم ﷺ کا کون سا فرمان بیان کیا؟

سوال نمبر 8: بحرین کا مال آنے کے بعد صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا اعلان فرمایا؟

سوال نمبر 9: صحابہ کرام نے صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیماری پر طبیب لانے کی عرض کی تو صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا فرمایا؟

سوال نمبر 10: جب صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں شام کے بطریق "بنان" کا سر لایا گیا تو آپ نے سر لانے والوں کی کیا تربیت فرمائی؟

سوال نمبر 11: فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زمین سے تنکا اٹھا کر کیا فرمایا؟

سوال نمبر 12: فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے بیٹے عبد اللہ کو خلیفہ نہ بنانے کی کیا وجہ ارشاد فرماتے ہیں؟

سوال نمبر 13: علم شہریت میں قانون کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 14: قانون کے تین ماخذ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: سنت تین طرح سے کیسے ہوتی ہے؟

سوال نمبر 16: شہریت کے حوالے سے دوہرا اصول کیا کہلاتا ہے؟

سوال نمبر 17: شہریت کے حوالے سے متبنّٰی بنانا کسے کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 18: معاشی حقوق سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 19: شہری کے 2 اخلاقی فرائض تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: دستور کی ارسطو نے کیا تعریف کی ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نسب وہاں تک تحریر کیجئے جہاں آپ کا نسب نبی کریم ﷺ سے جا ملتا ہے۔

سوال نمبر 2: جمع قرآن کے متعلق حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ابتداءً کیا رائے تھی اور پھر کس طرح جمع قرآن کے لئے راضی ہوگئے؟

سوال نمبر 3: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کے مطابق حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام کا سبب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: اچھے شہری کی دس خوبیاں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: حقوق کی چار تعریفوں میں سے 3 تعریفیں تحریر کیجئے۔